Before you Sign

علیحدگی اور طلاق:

اس سے قبل کے آپ دستخط کریں، صوتی نشریات میں خوش آمدید۔ یہ صوتی نشریات اس لئے بنائی گئی ہیں تا کہ اس بارے میں آپ کی معلومات بہتر بنا سکیں کہ اونٹاریو کے صوبے میں آپ کے قانونی حقوق کیا ہیں۔ اگر آپ کو صحیح طور پر علم ہو کہ آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہیں تو آپ اپنے لئے چناؤ کر سکتے ہیں جو کہ کینیڈا میں آپ کی زندگی پر اثرانداز ہو سکتے ہیں۔ یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ صوتی نشریات آپ کی صورت حال سے متعلق قانونی مشورہ کی حیثیت نہیں رکھتی، یہ محض عام قانونی مسائل سے متعلق معلومات فراہم کرنے کا ذریعہ ہیں جو آپ کی صورتِ حال پر لاگو ہو تے ہیں۔

آج ہم اونٹاریو میں طلاق اور علیحدگی کے بارے میں گفتگو کریں گے۔ کیا آپ علیحدگی یا طلاق حاصل کرنے کے بارے میں غور کر رہے ہیں؟ اگر ایسا ہے تو اس کےتمام ممکنہ اقدامات کو جاننا اور سمجھنا بہت ضروری ہے۔

طلاق حاصل کرنے کے لئے پہلا قدم علیحدگی اختیار کرنا ہے ۔ علیحدہ ہو جانے کا مطلب ہے کہ آپ ایسا طرزِ عمل اپنا لیتے ہیں کہ آپ اپنا رشتہ اور تعلق ختم کر لینا چاہتے ہیں۔ آپ کو اپنے ساتھی کے ساتھ مل کر علیحدگی کی تاریخ طے کر لینی چاہئے؛ علیحدگی کے لئے ایک تاریخ پر متفق ہونا بہت ضروری ہے جہاں سے آپ کی علیحدگی کی شروعات ہو جائے گی۔ آپ کے علیحدہ ہونے کی تاریخ مثال کے طور پر وہ تاریخ ہوگی جب آپ نے ایک ہی کمرے میں اکٹھے سونے، مل کر کھانا کھانے یا پھر اکٹھے چھٹیاں گزارنا بند کر دیا ہے۔ جب آپ ایک تاریخ پر متفق ہو جائیں تو علیحدگی کا معاہدہ لکھ سکتے ہیں، اس عام دستاویز میں یہ درج ہوگا کہ آپ طلاق کے عمل کے دوران پیدا ہونے والے مسائل میں کیا طرزِ عمل اپنائیں گے۔ آپ علیحدگی کے معاہدہ کا نمونہ سٹیپس ٹو جسٹس ویب سائٹ (steps to justice website) سے حاصل کر سکتے ہیں ۔ طلاق تب تک نہیں دی جائے گی جب تک آپ کو اپنے ساتھی سے علیحدگی اختیار کئے ہوئے کم از کم ایک سال کا عرصہ نہ گزر جائے۔ علیحدگی ،طلاق کی انتہائی عام سبب ہے۔ لیکن کبھی کبھی شاذ ونادر ایسے مواقع بھی آجاتے ہیں کہ علیحدگی کے بعد ایک سال مکمل ہونے سے پہلے ہی طلاق کی درخواست دی جا سکتی ہے اگر طلاق کی وجہ بدکاری، ذہنی یا جسمانی تشدد ہو۔ علیحدگی شمار کرنے کے لئے علیحدہ گھروں میں رہنا ضروری نہیں ہے۔

ایک بار جب آپ یا آپ کا ساتھی علیحدہ ہونے یا طلاق دینے کا فیصلہ کر لیں تو آپ کو لازماً اہم فیصلے اور پسندیدہ چیزیں کرنی ہوں گی۔ مثال کے طور پر ، خاندانی گھر میں کون رہے گا ؟ اگر آپ کی اولاد ہے تو بچوں کی دیکھ بھال کون کرے گا اور ان کو کہاں رہنا ہوگا؟ آپ کے بچوں کے بارے میں فیصلے کون کرے گا ؟ بچوں اور آپ کے ساتھی کے لئے کس قسم کی مالی مدد موجود ہوگی؟ وہ تمام جائداد اور دوسری چیزیں جو دونوں کی مشترکہ ملکیت ہوں اس کو کس طرح تقسیم کرنا ہوگا؟ اگر آپ کینیڈا کے شہری نہیں ہیں تو آپ کو یہ بھی سوچنا ہوگا کہ آپ کے امیگریشن اسٹیٹس پر اس کا کیا اثر پڑے گا۔ بعض حالات میں اگر آپ علیحدگی یا طلاق چاہتے ہیں تو آپ کا ساتھی آپ کو ملک بدر کرنے کا تقاضا بھی کر سکتا ہے ، کینیڈا سے اخراج یا ملک بدری کا مطلب ہے زبردستی ملک چھوڑنے پر مجبور کرنا ۔ آپ کا ساتھی آپ کو خود ملک بدر نہیں کر سکتا صرف وفاقی امیگریشن کے با اختیار لوگ کسی کو بھی طاقت کے استعمال سے کینیڈا سے واپس چلے جانے پر مجبور کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کینیڈا کے شہری نہیں ہیں تو کسی قانونی ماہر سے بات کریں تا کہ آپ کو عین اپنی صورت حال سے متعلق صحیح معلومات مل سکیں۔ یہ جاننا بہت اہم ہے کہ علیحدگی یا طلاق آپ کے امیگریشن کی درخواست پر اثر انداز ہوگی یا نہیں۔

Before you Sign

یہ بات سمجھنا بھی ضروری ہے کہ شادی شدہ ساتھی سے علیحدہ ہونے اور بغیر شادی کے اکٹھے رہنے والے ساتھی سے علیحدہ ہونے میں بہت فرق ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کی اپنے ساتھی سے باقاعدہ شادی ہو چکی ہے تو آپ خالص خاندانی جائداد میں مساویانہ حصہ مانگ سکتے ہیں لیکن شادی کے بندھن سے منسلک نہیں ہیں ان کا جائداد میں حصہ کا حق ایک جیسا نہیں ہے۔ جب تک کہ یا تو وہ جائداد دونوں کے نام پر ہو یا ان دونوں نے مل کر اس کے لئے ادائیگی کی ہو۔ شادی شدہ یا محض ساتھ رہنے والے ساتھی دونوں ہی ساتھی کی مالی مدد کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔

اپنی طلاق کا عمل مکمل کرنے اور قانونی طور پر اپنا شادی کا رشتہ ختم کرنے کے لئے آپ کو لازماً عدالت میں درخواست دینا ہوتی ہے۔ طلاق کی درخواست صرف سُپیرَر کورٹ آف جسٹس یا فیملی کورٹ برانچ آف دی سُپیرَر کورٹ آف جسٹس (Superior Court of Justice or Family Court branch of the Superior Court of Justice) میں ہی جمع کرائی جا سکتی ہے۔ صرف ایک شخص ہی کو درخواست جمع کرانا لازمی ہے لیکن آپ مل کر یہ کام کرنے کا فیصلہ بھی کر سکتے ہیں۔ طلاق کی کاروائی اس میونسپلٹی میں مکمل ہوگی جہاں آپ کی رہائش ہے۔

اونٹاریو میں طلاق حاصل کرنے کے لئے آپ کو عدالت کی فیس لازمی ادا کرنی ہوتی ہے۔ پہلی ادائیگی اس وقت کرنی ہوتی ہے جب طلاق کی درخواست جمع کرائی جائے۔ عدالت کی اضافی فیس طلاق کا معاملہ عدالت کے جائزہ لینے سے قبل ادا کرنی ہوتی ہے ۔ یہ بات سمجھنا بہت ضروری ہے کہ یہ فیس محض عدالت میں مقدمہ چلانے اور کاغذی کاروائی مکمل کرنے سے تعلق رکھتی ہے۔ اگر آپ وکیل سے مدد حاصل کرتے ہیں تو یہ آپ کے لئے حصول طلاق کو بہت زیادہ مہنگا سودا کر دے گا۔

ہم امید کرتے ہیں کہ یہ صوتی نشریات آپ کے لئے اونٹاریو میں طلاق یا علیحدگی سے متعلق قانونی معلومات فراہم کرنے کا مفید ذریعہ ہوں گی۔ اگر آپ کے ذہن میں علیحدگی یا طلاق کے بعد بچوں کی تحویل اور رسائی سے متعلق کوئی سوال ہو تو برائے مہربانی تھوڑا وقت نکال کر اس عنوان پر موجود ہماری صوتی نشریات سماعت فرمائیں۔

اگر اس موضوع سے متعلق ابھی بھی آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہے تو برائے مہربانی آپ اُس خدمت کے دفتر یا ادارے سے رابطہ کریں جس نے آپ کو اس صوتی نشریات کے بارے میں بتایا تھا۔ اگر آپ کی رسائی کمپیوٹر تک ہے تو آپ stepstojustice.ca یا settlement.org پر جا کر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو پہلے سے معلوم ہے کہ آپ کو قانونی مشورہ ، مدد یا نمائندگی کی ضرورت ہے تو برائے مہربانی لیگل ایڈ اونٹاریو سے پیر سے جمعہ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے (مشرقی معیاری وقت) تک اس نمبر 1-800-668-8258 پر رابطہ کر کے دنیا بھر کی 300 سے زائد زبانوں میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ صوتی نشریات لا فاونڈیشن آف اونٹاریو (Law Foundation of Ontario) کے مالی تعاون سے پیش کی جا رہی ہیں اور وائی ڈبلیو سی اے تھامس- ایلجن (YWCA St. Thomas-Elgin) اس کے تمام مواد کی مکمل طور پر ذمہ دار ہے۔